ilmkidunya
علم کی دنیا

Urdu - FA Part 1 Urdu Chapter 25 Short Questions Preparation

Q1. دنیا کے گول ہونے کا اصرار کرنے والوں کا کیا کہنا ہے کیا دنیا واقع گول ہے.

Ans 1: ان کا کہتا ہے کہ یقین نہ ہو تو مشرق کی طرف جاو چکر کاٹ کر مغرب کی طرف سے پھر اپنے ٹھان پر اکر کھڑے ہوجاؤ گے

Q2. نیند کے حوالے سے مصنف کے پسندیدہ اوقات کون سے ہیں.

Ans 1: نیند کے حوالے سے مصنف کے محبوب ترین اوقات اتوار کی صبح اور سہ پہر ہیں.

Q3. کبوتر اور کبوتری نے آگ کیسے بجھائی.

Ans 1: کبوتر اور کبوتری قریبی دریاسے پانی اپنے پروں میں بھر کر لاتے اور آگ پر گرا دیتے جس سے آگ بجھ گئی

Q4. مرغیاں مسلمانوں کو اپنا خؤن کا پیاسا کیوں سمجھتی ہیں.

Ans 1: مرغیاں اپنی جبلی تعصب کی بنا پرمسلمانوں کو اپنے خون کا پیاسا سمجھتی ہیں ۔.

Q5. کبوتر کی دوستی کی تجویز پر گدھ نےکیا جواب دیا

Ans 1: گدھ نے کہا ہمسائے مان جائے ہوتے ہیں.

Q6. سبق "کیا دنیا گول ہے" میں ابن انشا نے کس رینگنے والے جانور کا زکر کیا ہے.

Ans 1: سبق "کیادنیا گول ہے' میں رینگنے والےجانور چپکلی کا زکر کیا ہے.

Q7. مشتاق احمد یوسفی کے مطابق خوش عقیدہ لوگوں کا ایمان کیا ہے.

Ans 1: ان کے مطابق اگر مرغ ازان نہ دے تو پو نہیں پھٹتی

Q8. مصنف نے کتنے عرصہ مرغیوں کی عادات اور خصائل کا مطالعہ کیا.

Ans 1: مصنف نے اٹھارہ ماہ مرغیوں کی عادات اور خصائل کا مطالعہ کیا

Q9. کوئی بھی مرغی عمر طبعی کو کیوں نہیں پہینچ پاتی

Ans 1: انسانوں کی خوراک بن جانے کی وجہ سے کوئی بھی مرغی عمر طبعی کو پہینچ نہیں پاتی

Q10. یوسفی صاحب کے خیال میں مرغی کا صحیح مقام ہے.

Ans 1: یوسفی صاحب کے خیال میں مرغی کا صحیح مقام ہے پیٹ اور پلیٹ